روزنامہ ''دنیا''

مفسر اور عالمی اسکالر
مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہؒ انتقال کر گئے

کئی ماہ سے دل کے عارضے میں مبتلا تھے، نماز جمعہ کے بعد اچانک انتقال کر گئے

اکوڑہ خٹک (آئی این پی) عالم اسلام کی عظیم شخصیت مفسر، عالمی اسکالر اور دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ رحمہ اللہ علیہ انتقال کر گئے، مرحوم پاکستان اور افغانستان کے ہزاروں علما ومشائخ کے استاد تھے، انہوں نے دارالعلوم حقانیہ میں تعلیم سے فراغت کے بعد اپنے استاد اور مرشد شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رحمہ اللہ علیہ کی خواہش پر دارالعلوم حقانیہ میں تدریس کے فرائض سنبھالے اور وفات تک مسند شیخ الحدیث پر فائز رہے، انہوں نے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

مولانا پچھلے کئی ماہ سے دل کے عارضے میں مبتلا تھے، چند دن قبل تکلیف بڑھ جانے پر انہیں پشاور کے آر ایم آئی اسپتال میں داخل کیا گیا، جہاں ان کو کافی افاقہ ہوا، مگر نماز جمعہ کے بعد وہ اچانک انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ ہفتہ کی صبح گیارہ بجے دارالعلوم حقانیہ میں ادا کی جائے گی۔ جے یو آئی (ف) کے سربراہ فضل الرحمٰن اور امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ رحمہ اللہ علیہ کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماؤں شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان، مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا محمد حنیف جالندھری، مولانا انوار الحق و دیگر نے جید عالم دین مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ رحمہ اللہ علیہ کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مولانا کی رحلت عالم اسلام کیلئے بڑا سانحہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مولانا کی علمی اور دینی خدمات آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہیں، وفاق المدارس کے قائدین دارالعلوم حقانیہ اور مولانا شیر علی شاہ رحمہ اللہ علیہ کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔